Cambridge Assessment International Education

# Cambridge International A Level

**URDU** **9686/04**

Paper 4 Texts **May/June 2024**

**2 hours 30 minutes**

You must answer on the enclosed answer booklet.

You will need: Answer booklet (enclosed)

**Invigilators must refer to the Additional Materials List for instructions on the use of set texts in the examination.**

**INSTRUCTIONS**
- Answer **three** questions in total in **Urdu**, each on a different text:
  Answer **at least one question** from Section 1.
  Answer **at least one question** from Section 2.
  Answer **one other question** from **either** Section 1 **or** Section 2.
- Follow the instructions on the front cover of the answer booklet. If you need additional answer paper, ask the invigilator for a continuation booklet.
- Dictionaries are **not** allowed.

**INFORMATION**
- The total mark for this paper is 75.
- Each question is worth 25 marks.

**ہدایات**

- کل **تین** سوالوں کے جواب **اردو** میں دیجیے لیکن ہر سوال کا تعلق مختلف ٹیکسٹ سے ہونا چاہیے:
  **کم از کم ایک سوال** کا جواب حصہ 1 سے لکھیے۔
  **کم از کم ایک سوال** کا جواب حصہ 2 سے لکھیے۔
  اس کے علاوہ **ایک اور سوال** کا جواب حصہ 1 **یا** حصہ 2 سے لکھیے۔
- جوابی پرچے کے سرورق پر دی گئی ہدایات پر عمل کیجیے۔ یہ ہدایات نیچے اردو میں بھی دی گئی ہیں۔ اگر آپ کو جواب لکھنے کے لیے زائد صفحات کی ضرورت ہو تو نگران سے اضافی کتابچے کے لیے رابطہ کریں۔
- لغت (ڈکشنری) استعمال کرنے کی اجازت **نہیں** ہے۔

**معلومات**

- اس پرچے کے لیے کل مارکس 75 ہیں۔
- ہر سوال کے 25 مارکس ہیں۔

This document has **8** pages. Any blank pages are indicated.



© UCLES 2024

**جوابی کتابچے کے لیے ہدایات**

کالا یا گہرا نیلا قلم استعمال کیجیے۔ آپ ڈایا گرام یا گراف کے لیے ایچ بی پینسل استعمال کر سکتے ہیں۔


اپنا نام سینٹر نمبر اور امیدوار کا نمبر اس صفحے پر اوپر کی جانب دی گئی جگہوں پر لکھیے۔ اپنا جواب واضح طور پر لکھیے۔

کریکشن فلوئڈ یا سیاہی مٹانے والا قلم استعمال **مت کریں**۔

کسی بھی بار کوڈ پر **مت لکھیے**۔

اپنے جوابات اس کتابچے میں لکھیے۔ صفحات کے دونوں طرف لکھیے۔ نیا جواب شروع کرنے سے پہلے ہر جواب کے آخر میں دو سطریں چھوڑ دیجیے۔

آپ جس سوال کا جواب لکھ رہے ہیں اس کا نمبر دائیں طرف کے حاشیے میں انگریزی میں لکھیے۔




اگر آپ کا منتخب شدہ سوال مختلف حصوں پر مشتمل ہو مثال کے طور پر 1 (a) تو اس حصے کا نمبر انگریزی میں دوسرے حاشیے میں لکھیے۔

تمام اضافی کام اسی جوابی کتابچے میں قلم سے کیجیے۔ جو حصہ ممتحن کے لیے **نہیں** ہے اسے کاٹ دیں مگر یہ خیال رہے کہ وہ کٹا ہوا حصہ پڑھا جا سکے۔

اس کتابچے کا کوئی بھی حصہ الگ **نہ کریں**۔

تمام کاغذات واپس کر دیں۔ اگر آپ نے کوئی اضافی کتابچہ استعمال کیا ہے تو اسے بھی جوابی کتابچے میں رکھ کر واپس کر دیں۔

© UCLES 2024

BLANK PAGE

کوئی سے **تین** سوالوں کے جواب دیجیے لیکن ہر سوال کا تعلق مختلف ٹیکسٹ سے ہونا چاہیے۔ آپ کے لیے پہلے اور دوسرے حصے میں سے ایک ایک سوال کا جواب دینا لازمی ہے جبکہ تیسرا سوال کسی بھی حصے سے منتخب کیا جا سکتا ہے۔

اپنے منتخب کیے ہوئے سوالوں کے نمبر واضح طور پر **انگریزی** میں لکھیے۔

## پہلا حصہ

**1** غزلیں

سوال **(a)** اور سوال **(b)** میں سے صرف ایک سوال کا جواب اردو میں 500 سے 600 الفاظ میں لکھیے۔

**(a)**

وہ جو ہم میں تم میں قرار تھا تمھیں یاد ہو کہ نہ یاد ہو
وہی یعنی وعدہ نباہ کا تمھیں یاد ہو کہ نہ یاد ہو
وہ جو لطف مجھ پہ تھے پیشتر وہ کرم کہ تھا میرے حال پر
مجھے سب ہے یاد ذرا ذرا تمھیں یاد ہو کہ نہ یاد ہو
وہ نئے گلے وہ شکایتیں وہ مزے مزے کی حکایتیں
وہ ہر ایک بات پہ روٹھنا تمھیں یاد ہو کہ نہ یاد ہو
کبھی بیٹھے سب میں جو روبرو تو اشارتوں میں ہی گفتگو
وہ بیان شوق کا برملا تمھیں یاد ہو کہ نہ یاد ہو
کوئی بات ایسی اگر ہوئی کہ تمھارے جی کو بری لگی
تو بیاں سے پہلے ہی بھولنا تمھیں یاد ہو کہ نہ یاد ہو

(مومن)

**(i)** مندرجہ بالا اشعار کی تشریح کیجیے۔

**(ii)** مومن سادہ اور آسان زبان میں اپنے جذبات کی ترجمانی کرتے ہیں۔ اس بیان کے بارے میں اپنی رائے کا اظہار مندرجہ بالا غزل کے حوالے سے کیجیے۔

**یا**

**(b)** حسرت موہانی اپنی غزلوں میں حقیقت کی ترجمانی کرتے ہیں۔ آپ نے حسرت کے جن اشعار کا مطالعہ کیا ہے ان کے حوالے سے اس بیان پر تبصرہ کیجیے۔

2 نظمیں

سوال **(a)** اور سوال **(b)** میں سے صرف ایک سوال کا جواب اردو میں 500 سے 600 الفاظ میں لکھیے۔

**(a)**

دیار عشق میں اپنا مقام پیدا کر
نیا زمانہ نئے صبح و شام پیدا کر
خدا اگر دل فطرت شناس دے تجھ کو
سکوت لالہ و گل سے کلام پیدا کر
اٹھا نہ شیشہ گران فرنگ کے احساں
سفال ہند سے مینا و جام پیدا کر
میں شاخ تاک ہوں میری غزل ہے میرا ثمر
مرے ثمر سے مئے لالہ فام پیدا کر
مرا طریق امیری نہیں فقیری ہے
خودی نہ بیچ غریبی میں نام پیدا کر

(اقبال)

**(i)** مندرجہ بالا اشعار کی تشریح کیجیے۔

**(ii)** مندرجہ بالا نظم تمام مسلم نوجوانوں کے لیے ایک سبق آموز پیغام ہے۔ تفصیل سے تبصرہ کیجیے۔

یا

**(b)** نظیر نے اردو شاعری کو ایک نیا رنگ دیا ہے۔ آپ نے نظیر کے جن اشعار کا مطالعہ کیا ہے ان کے حوالے سے اس بیان پر تبصرہ کیجیے۔

## 3 نظمیں

سوال **(a)** اور سوال **(b)** میں سے صرف ایک سوال کا جواب اردو میں 500 سے 600 الفاظ میں لکھیے۔

**(a)**

سوچتا ہوں کہ غم دل نہ سناؤں اس کو
سامنے اس کے کبھی راز کو عریاں نہ کروں
خلش دل سے اسے دست و گریباں نہ کروں
اس کے جذبات کو میں شعلہ بداماں نہ کروں
سوچتا ہوں کہ جلا دے گی محبت اس کو
وہ محبت کی بھلا تاب کہاں لائے گی
خود تو وہ آتش جذبات میں جل جائے گی
اور دنیا کو اس انجام پہ تڑپائے گی
سوچتا ہوں کہ بہت سادہ و معصوم ہے وہ
میں اسے واقف الفت نہ کروں

(ن م راشد)

**(i)** مندرجہ بالا اشعار کی تشریح کیجیے۔

**(ii)** راشد نے اپنے جذبات کا اظہار ایک نئے انداز سے کیا ہے۔ مندرجہ بالا نظم کے حوالے سے اس بیان پر تبصرہ کیجیے۔

**یا**

**(b)** اختر الایمان نے مشکل اور بناوٹی زبان کی بجائے آسان زبان کو اہمیت دی ہے۔ آپ نے اختر الایمان کے جن اشعار کا مطالعہ کیا ہے ان کے حوالے سے اس بیان پر تبصرہ کیجیے۔

## دوسرا حصہ

**4** مراۃ العروس، ڈپٹی نذیر احمد

سوال **(a)** اور سوال **(b)** میں سے صرف ایک سوال کا جواب اردو میں 500 سے 600 الفاظ میں لکھیے۔

**(a)** ناول مراۃ العروس کے حوالے سے مسلم معاشرے میں عورت کی حیثیت کے بارے میں اپنی رائے کا اظہار کیجیے۔

**یا**

**(b)** ناول مراۃ العروس کے مردانہ کردار کتنی اہمیت کے حامل ہیں؟ اپنے جواب کی تفصیل سے وضاحت کیجیے۔

**5** افسانے

سوال **(a)** اور سوال **(b)** میں سے صرف ایک سوال کا جواب اردو میں 500 سے 600 الفاظ میں لکھیے۔

**(a)** افسانہ گرم کوٹ میں مصنف نے ایک مشرقی شوہر اور بیوی کا مثالی رشتہ پیش کیا ہے۔ تفصیل سے تبصرہ کیجیے۔

**یا**

**(b)** آپ کے خیال میں افسانہ نظارہ درمیاں ہے ہمارے معاشرے کی کس حد تک عکاسی کرتا ہے؟ تفصیل سے لکھیے۔

**6** انارکلی، امتیاز علی تاج

سوال **(a)** اور سوال **(b)** میں سے صرف ایک سوال کا جواب اردو میں 500 سے 600 الفاظ میں لکھیے۔

**(a)** اگر انارکلی کو سزائے موت نہ ہوتی تو کیا اکبر اور سلیم کے درمیان بڑھتی ہوئی دوریاں کم ہو جاتیں؟ ڈرامہ انارکلی کے حوالے سے اپنے جواب کی تفصیل سے وضاحت کیجیے۔

**یا**

**(b)** امتیاز علی تاج نے ڈرامہ انارکلی کو حقیقت کا رنگ دے دیا ہے۔ اس بیان کے بارے میں تفصیل سے تبصرہ کیجیے۔

**BLANK PAGE**

Permission to reproduce items where third-party owned material protected by copyright is included has been sought and cleared where possible. Every reasonable effort has been made by the publisher (UCLES) to trace copyright holders, but if any items requiring clearance have unwittingly been included, the publisher will be pleased to make amends at the earliest possible opportunity.

To avoid the issue of disclosure of answer-related information to candidates, all copyright acknowledgements are reproduced online in the Cambridge Assessment International Education Copyright Acknowledgements Booklet. This is produced for each series of examinations and is freely available to download at www.cambridgeinternational.org after the live examination series.

Cambridge Assessment International Education is part of Cambridge Assessment. Cambridge Assessment is the brand name of the University of Cambridge Local Examinations Syndicate (UCLES), which is a department of the University of Cambridge.